© rasailojaraid.com



# مولانا حکیم جمیل احمد عرف خادو استاذؒ (مردان)
# اور مولانا غلام ربانیؒ (رحیم یار خان) کا سانحہ ارتحال

ماد ی الاوّل کے آخری عشرہ میں مرکز علم دار العلوم اپنے ایک دیرینہ، مخلص اور شفیق سرپرست مولانا حکیم جمیل احمد
) سے محروم ہوگیا۔ مرحوم کو دار العلوم حقانیہ سے بے پناہ محبت، حضرت شیخ الحدیث سے گہری عقیدت تھی۔
یہ دار العلوم کے ابتدائی ایام میں مکمل سرپرستی فرمائی اور مرحوم نہایت ہی متقی اور پرہیزگار عالم دین تھے تصوف
علق تھا، قرأت میں انہیں کمال حاصل تھا۔ طب نبویؐ اور علم حکمت کا ان کے پاس ایک بیش قیمت خزانہ تھا۔
یض سے ہزاروں جسمانی اور روحانی مریضوں نے شفاء کامل پائی۔

ان کی پوری زندگی تبلیغ دین، خدمت خلق، علم کی سرپرستی اسلام کی بے لوث خدمت اور رشد و ہدایت
دی۔ انہوں نے تمام زندگی درس و تدریس پر اپنی توجہ مرکوز رکھی۔ اتباع سنت انکساری اور عبدیت ان
میں نمایاں تھی۔ آخر ۱۲ر جمادی الاوّل بمطابق ۲۸ر نومبر بروز جمعرات اپنے آخری چند لمحات میں اپنے رب
نے سربسجود ہوتے اور نماز تہجد ادا کرنے کے بعد اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ ان کی رحلت سے مرکز علم
حقانیہ اپنے ایک بہت بڑے محسن اور مجلس شوریٰ کے بزرگ اور مخلص رکن سے محروم ہوگیا۔ ان کی
خبر دار العلوم کے اساتذہ اور طلباء اور تمام ارباب علم کے لیے ایک حادثہ فاجعہ تھی۔ ادارہ مرحوم کے
وص حضرت مولانا حکیم محمد عمر صاحب اور ان کے برادران کے ساتھ برابر غم میں شریک ہے باری تعالےٰ مرحوم
کروٹ اپنی رحمتوں سے نوازے۔

ذشتہ ماہ جمیعۃ علماء اسلام کے معروف رہنما بقیۃ السلف حضرت مولانا غلام ربانی صاحب بھی علالت کے بعد
ان میں رحلت فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحوم جمیعۃ علماء اسلام کے اکابرین اور ربانی حضرات سے تھے۔
نی قومی اور ملی خدمات کا ایک زمانہ معترف تھا۔ تحریک ختم نبوت، تحریک نظام مصطفیٰ، تحریک نفاذ شریعت
یعت محاذ اور متحدہ علماء کونسل کے حوالے سے مرحوم ہمیشہ حضرت مولانا مفتی محمود، شیخ الحدیث مولانا عبدالحق
سمیع الحق کے ساتھ رہے، ان کا سانحہ ارتحال جماعتی کاز کے لیے عظیم خسارہ اور علمی و دینی حلقوں کیلئے بہت
ہے مرحوم کی میت ان کے آبائی گاؤں علاقہ چھچھ میں لائی گئی تو دار العلوم کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق اور
لبہ نے بھی مرحوم کے جنازہ میں شرکت کی اور مولانا سمیع الحق نے جنازہ میں حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے مولانا کی
کو خراج تحسین پیش کیا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com